بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرد نمبر ۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَعَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

الفضل

روزنامہ

یوم جمعہ

ربوہ

ایڈیٹر
دُرِّ ثمین تنویر

The Daily
ALFAZL
RABWAH

قیمت فی پرچہ ۱۵ پیسے

جلد ۵۸/۲۳ | ۱۵ شوال ۱۳۸۹ھ ۲۵ فتح ۱۳۴۸ ہش ۲۵ دسمبر ۱۹۶۹ء | نمبر ۲۹۷

مہمانوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا ربوہ کی رونق اور چہل پہل میں اضافہ

دارالصدر کے مرکزی لنگر خانہ میں مہمانوں کیلئے کھانے کی تیاری اور تقسیم کا آغاز

جلسگاہ کی طرف جانے والی سڑکوں کی درستی اور دیگر ضروری انتظامات کی تکمیل

ربوہ ۲۴ فتح۔ ربوہ میں بحمد اللہ تعالیٰ جلسہ سالانہ پر دُور و نزدیک سے تشریف لانے والے مہمانوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ چنانچہ ان کی مسلسل تشریف آوری کے نتیجہ میں ربوہ کی رونق اور چہل پہل میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ دکانوں کی سج دھج اور مہمانوں کی آمد و رفت سے جہاں ایک طرف بازار اور گلی کوچے پُر رونق ہوتے جا رہے ہیں وہاں دوسری طرف اسی نسبت سے نمازوں کے اوقات میں مساجد زیادہ آباد نظر آنے لگی ہیں۔ لاریوں کے اڈے اور ریلوے اسٹیشن پر شعبہ استقبال نے کیمپ قائم کر کے مہمانوں کو خوش آمدید کہنے کا کام پوری سرگرمی سے شروع کر دیا ہے۔

آجکل سب سے زیادہ سرگرمی جلسہ سالانہ کے مرکزی دفاتر میں دیکھنے میں آ رہی ہے یہ دفاتر حسب سابق گولبازار اور دفتر وقف جدید کے عقب اور دفتر مجلس انصار اللہ مرکزیہ کے پہلو میں قائم کئے گئے ہیں۔ ان میں جملہ انتظامی شعبوں کے ناظم، ان کے نائبین اور کثیر التعداد کارکنان محترم سید داؤد احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ کی زیر ہدایت و زیر نگرانی انتظامات کو آخری شکل دینے میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ سرگرمی اور دوڑ دھوپ کا یہ منظر نہایت خوشکن، دلکش اور ایمان افروز ہے۔ کیوں نہ ہو جبکہ ہر ایک رضاکارانہ خدمت کے جذبہ سے سرشار ہو کر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانانِ کرام کو خوش آمدید کہنے اور انکو ہر ممکن سہولت بہم پہنچانے کی سعادت سے بہرہ یاب ہونے کے لئے بیتاب ہے اور اللہ تعالیٰ کے حضور سرخروئی کا متمنی اور اس کے حصول کے لئے اسی کے حضور میں دعا گو ہے۔

مہمانانِ کرام کی تشریف آوری کا سلسلہ شروع ہونے کے ساتھ ہی دارالصدر کے مرکزی لنگر خانہ نے کل ۲۳ دسمبر کی صبح سے کام کرنا شروع کر دیا ہے اور کل شام سے کھانے کی تقسیم شروع ہو گئی ہے۔ دارالرحمت اور دارالعلوم کے لنگر خانے تیز پرہیزی کا لنگر آج ۲۴ دسمبر کی صبح سے چالو ہو رہے ہیں اور ان سے آج شام سے کھانا تقسیم ہونا شروع ہو جائے گا۔ انشاء اللہ العزیز۔

اُدھر جلسہ گاہ کے انتظامات بھی محترم جناب قاضی محمد نذیر صاحب لائلپوری ناظر اصلاح و ارشاد افسر جلسہ گاہ کی نگرانی میں بڑی تیزی سے پایۂ تکمیل کو پہنچ رہے ہیں۔ اس سلسلے میں تمام ضروری سامان فراہم کیا جا چکا ہے۔ مردانہ جلسگاہ اور زنانہ جلسہ گاہ کے درمیان لاؤڈ سپیکر کا رابطہ قائم کرنے کے لئے مردانہ جلسگاہ سے زنانہ جلسہ گاہ تک کئی فرلانگ کے فاصلہ پر فاصلے فاصلے سے بانس لگا کر ان پر وائرنگ مکمل کر دی گئی ہے۔

جلسہ گاہ کی طرف جانے والی تمام بڑی بڑی سڑکوں کو ہموار کر کے ان پر بجری بچھائی جا چکی ہے اور ان پر ٹینکر کے ذریعہ چھڑکاؤ کر کے انہیں درست کر دیا گیا ہے تاکہ احباب کو جلسہ گاہ تک پہنچنے میں دقت نہ ہو۔ چھڑکاؤ کر کر کے راستوں پر گرد بٹھا دی گئی ہے اور انہیں اس قابل بنا دیا گیا ہے کہ ان پر ٹریفک سہولت اور آرام سے جاری رہ سکے۔

الغرض جلسہ سالانہ کے جملہ انتظامات یعنی استقبال مہمانان بر ریلوے اسٹیشن و اڈہ لاریاں، انتظام رہائش مہمانان، انتظام پرالی، انتظام کھانا پکوائی، کھانے کی تقسیم، اجراء پرچی خوراک، اجتماعی رہائش گاہوں میں کھانا کھلانے کا انتظام، انتظام پانی، انتظام روشنی، انتظام طبی امداد، انتظام صفائی، تعمیر عارضی بیوت الخلاء، ٹریفک، چھڑکاؤ و رستہ جات، انتظام بازار، فوری امداد و معلومات وغیرہ وغیرہ ہر طرح مکمل ہو چکے ہیں اور اہلِ ربوہ بشدت منتظر ہیں کہ حضرت مسیح پاک علیہ السلام کے مہمان دور و دراز اور نزدیک مقامات سے جوق در جوق والہانہ انداز میں تشریف لائیں پہلے سے کہیں بڑھ کر تعداد میں تشریف لائیں۔ انہیں خود اُن کی ہر ممکن خدمت بجانے کی سعادت نصیب ہو۔ ایک طرف تشریف لانے والے مہمانوں اور دوسری طرف اہلِ ربوہ کے ذوق و شوق اور ولولۂ عشق کا عالم اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اور اس کے فضل و رحمت کا ایک مہتم بالشان نشان ہے جو جلسہ سالانہ کے موقع پر سال بہ سال رونما ہو کر ہمارے ایمانوں کو تازہ اور ہمارے خدمتِ اسلام کے عزائم کو پختہ سے پختہ تر کرتا چلا آ رہا ہے۔ اس مہتم بالشان نشان کو ہم اپنے نہایت مقدس و بابرکت اور لٹہی جلسہ سالانہ پر ان بابرکت ایام میں ایک دفعہ پھر رونما ہوتے دیکھ رہے ہیں، فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

اخبار احمدیہ

۰۰ ربوہ ۲۴ فتح۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی طبیعت بفضلہ تعالیٰ بہتر ہے۔ احباب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی حرم محترم حضرت بیگم صاحبہ مد ظلہا کی طبیعت بفضلہ تعالیٰ اچھی ہے۔ الحمد للہ۔

۰۰ ربوہ ۲۴ فتح۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مد ظلہا العالی کو دل کی تکلیف زیادہ ہے اور دم رکتا ہے۔ احباب جماعت خاص توجہ اور درد و الحاح سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ مد ظلہا کو اپنے فضل سے صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے، اور آپ کی عمر میں بے انداز برکت ڈالے۔ اللّٰھم آمین۔

نہایت ضروری تصحیح

الفضل جلسہ سالانہ نمبر ۱۹۶۹ء کے صفحہ ۴ پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں محترم سید ابوالحسن صاحب قدسی کی کہی ہوئی نعت شائع ہوئی ہے اس کے چوتھے شعر کا دوسرا مصرعہ سہو کتابت سے غلط شائع ہو گیا ہے۔ اصل مصرعہ درج ذیل ہے

کوئی نہیں ترے سوا محرمِ رازِ لامکاں

احباب اس کے مطابق تصحیح فرمالیں۔ (ادارہ)

روٹی پکانے والی خواتین کی ضرورت

(حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ مد ظلہا)

جلسہ سالانہ کے موقع پر دیہات کی ایسی خواتین کی ضرورت ہے جو بڑے تنوروں پر روٹی پکا سکیں۔ دیہاتی لجنات کی ایسی خواتین ربوہ پہنچتے ہی دفتر لجنہ میں اپنے ناموں اور ٹھہرنے کی جگہ سے اطلاع دیں۔

جلسہ سالانہ کے ایام میں مسجد مبارک میں نماز تہجد باجماعت

حسب سابق امسال بھی ۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر کو مسجد مبارک ربوہ میں نماز تہجد باجماعت اور درس قرآن کریم کا انتظام کیا گیا ہے۔ ۴½ بجے نماز تہجد شروع ہوا کرے گی اور نماز فجر کے بعد درس قرآن کریم ہوا کرے گا۔ احباب مطلع رہیں۔ (ناظر اصلاح و ارشاد۔ ربوہ)

مسعود احمد پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا۔

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۲۵ فتح ۱۳۴۰ ہش

مسلمانوں کی موجودہ دردناک حالت اور اس کا علاج

(۶)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :-

"یہ کس طرح ہو سکتا تھا کہ آدمؑ کے اتباع میں جب کبھی خرابی پیدا ہوئی تو خدا تعالیٰ نے ان کی خبر لی۔ نوحؑ کے اتباع میں جب کبھی خرابی پیدا ہوئی تو خدا تعالیٰ نے اُن کی خبر لی۔ ابراہیمؑ کے اتباع میں جب کبھی خرابی پیدا ہوئی تو خدا تعالیٰ نے اُن کی خبر لی۔ موسےٰؑ کے اتباع میں جب کبھی خرابی پیدا ہوئی تو خدا تعالیٰ نے اُن کی خبر لی۔ عیسےٰؑ کے اتباع میں جب کبھی خرابی پیدا ہوئی تو خدا تعالیٰ نے اُن کی خبر لی۔ لیکن سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اُمت میں خرابی پیدا ہو۔ تو خدا تعالیٰ اسکی خبر نہ لے۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے متعلق تو یہ پیش گوئی تھی کہ چھوٹے چھوٹے مفاسد کو دُور کرنے کے لئے آپ کی اُمت میں ہر صدی کے سر پر ایک مجدد مبعوث ہوا کرے گا۔ کیا کوئی عقل اس کو تسلیم کر سکتی ہے کہ چھوٹے چھوٹے مفاسد کو دُور کرنے کے لئے تو خدا تعالیٰ کی طرف سے مجددین ظاہر ہوتے رہیں۔ جیسے رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ

إِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ
عَلٰى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُّجَدِّدُ
لَهَا دِيْنَهَا (ابوداؤد جلد ۲ صفحہ ۲۴۱)

لیکن اس عظیم الشان فتنہ کے موقع پر جس کے متعلق رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب سے دُنیا میں انبیاء آنے لگے ہیں وہ اس فتنہ کی خبر دیتے چلے آئے ہیں کوئی مامور نہ آئے کوئی ہادی نہ آئے، کوئی راہنما نہ آئے مسلمانوں کو دینِ حقہ پر جمع کرنے کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی آواز بلند نہ کی جائے مسلمانوں کو تاریکی اور ظلمت کے گڑھے میں سے نکالنے کے لئے آسمان سے کوئی رسّی نہ گرائی جائے وہ خدا جو ابتدائے عالم سے اپنے رحم و کرم کے نمونے دکھاتا چلا آیا ہے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد اس کے رحم اور کرم کے دریا میں مزید جوش پیدا ہو گیا ہے نہ کہ اس کا رحم اور کرم مٹ گئے ہیں۔ اگر خدا تعالیٰ کبھی بھی رحیم تھا۔ تو اُمتِ محمدیہ کے لئے اس کو پہلے سے زیادہ رحیم ہونا چاہیئے۔ اگر خدا تعالیٰ کبھی بھی کریم تھا تو اُمتِ محمدیہ کے لئے اس کو پہلے سے زیادہ کریم ہونا چاہیئے۔ اور یقیناً وہ ایسا ہی ہے۔ قرآن کریم اور احادیث اس پر شاہد ہیں کہ اُمتِ محمدیہ میں جب کبھی خرابی پیدا ہوگی خدا تعالیٰ اپنی طرف سے ہادی اور راہنما بھیجتا رہے گا۔ خصوصاً اس آخری زمانہ میں جب کہ دجّال کا فتنہ ظاہر ہوگا عیسائیت غالب آجائے گی۔ اسلام ظاہری طور پر مغلوب ہو جائے گا۔ اور مسلمان دین کو چھوڑ بیٹھیں گے۔ اور دوسری اقوام کے رسم و رواج کو اختیار کر لیں گے۔ تو رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک کامل مظہر ہوگا اور اس زمانہ کی اصلاح کرے گا جس کے متعلق رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ

لَا يَبْقٰى مِنَ الْإِسْلَامِ إِلَّا اسْمُهٗ وَ
لَا يَبْقٰى مِنَ الْقُرْاٰنِ إِلَّا رَسْمُهٗ "

(مشکوٰۃ کتاب العلم)

یعنی اسلام کا صرف نام باقی رہ جائے گا اور قرآن کی صرف تحریر رہ جائے گی اسلام کا صرف کوئی نظریہ آئے گا اور قرآن کے معنے کسی پر روشن نہ ہوں گے۔

پس سلسلہ احمدیہ کا قیام اسی سُنّتِ قدیمہ کے ماتحت ہوا ہے اور انہی پیشگوئیوں کے مطابق ہوا ہے جو رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ سے پہلے انبیاء نے اس زمانہ کے متعلق بیان فرمائی ہیں اگر مرزا صاحب کا انتخاب اس کام کے لئے مناسب نہ تھا تو یہ خدا تعالیٰ پر الزام ہے۔ مرزا صاحب کا اس میں کیا قصور ہے لیکن اگر خدا تعالیٰ عالم الغیب ہے اور کوئی راز اس سے پوشیدہ نہیں اور اس کے تمام کام حکمتوں سے پُر ہوتے ہیں تو پھر سمجھ لینا چاہیئے کہ مرزا غلام احمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کا انتخاب ہی صحیح انتخاب تھا اور انہی کے ماننے میں مسلمانوں اور دنیا کی بہتری ہے آپ کوئی نیا پیغام دُنیا کے لئے نہیں لائے مگر وہی پیغام جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُنیا کو سنایا تھا مگر دُنیا اُسے بھول گئی وہی پیغام جو قرآن کریم نے پیش کیا تھا مگر دُنیا نے اس کی طرف سے مونہہ موڑ لیا اور وہ یہی پیغام ہے کہ تمام کائنات کا پیدا کرنے والا ایک خدا ہے۔ اس نے انسان کو اپنی محبت اور تعلق کے لئے پیدا کیا ہے۔ اپنی صفات کو اس کے ذریعہ سے ظاہر کرنے کے لئے اُسے بنایا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّيْ جَاعِلٌ
فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةً (سورہ بقرہ)

پس آدمؑ اور اس کی نسل خدا تعالیٰ کی خلیفہ یعنی اسکی نمائندہ ہے وہ خدا تعالیٰ کی صفات کو دُنیا پر ظاہر کرنے کے لئے پیدا کی گئی ہے پس تمام بنی نوع انسان کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی زندگیوں کو خدا تعالیٰ کی صفات کے مطابق بنائیں اور جس طرح ایک نمائندہ اپنے تمام کاموں میں اپنے موکل کی طرف بار بار متوجہ ہوتا ہے اور ایک غلام ہر نیا قدم اٹھانے سے پہلے اپنے آقا کی طرف دیکھتا ہے اسی طرح انسان کا بھی فرض ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کے ساتھ ایسا تعلق پیدا کرے کہ خدا تعالیٰ اس کی ہر دم اور ہر کام میں راہنمائی کرے اور تمام چیزوں سے زیادہ وہ اس کا محبوب ہو اور تمام باتوں میں وہ اس پر توکل کرنے والا ہو۔ اور اسی غرض کو پورا کرنے کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام دنیا میں آئے ان کا یہ کام تھا کہ وہ دنیا دار لوگوں کو دیندار بنائیں۔ اسلام کی حکومت دلوں پر قائم کریں، اور محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پھر اپنے روحانی تخت پر بٹھائیں جس تخت پر سے اتارنے کے لئے شیطانی طاقتیں اندرونی اور بیرونی حملے کر رہی ہیں "

(احمدیت کا پیغام)

یہی نعمت تو ہے کون و مکاں میں

خدا بولا ہے انساں کی زباں میں
یہی نعمت تو ہے کون و مکاں میں

خلوصِ دل سے سر رکھ دے زمیں پر
پہنچ جائے گا سجدہ آسماں میں

خودی اپنی خدا میں مستقل کر
نہ پس جا گردشِ دورِ زماں میں

دباؤں کس طرح جوشِ جنوں کو
سکوں بھی مضطرب ہے میری جاں میں

ہیں دست و پا اسیرِ ضعفِ پیری
ہے دل تو اب بھی "تنویرِ جواں" میں

احمدیہ مسلم مشن تعلیمی اور مذہبی میدان میں سیرالیون کی جو بے لوث اور شاندار خدمت سرانجام دے رہا ہے اسے ملک کی تاریخ کبھی فراموش نہیں کر سکتی

(وزیر اعظم سیرالیون)

وزیر اعظم سیرالیون کی احمدیہ سیکنڈری سکول فری ٹاؤن میں تشریف آوری

سکول کے اعلیٰ نتائج معیاری لیبارٹریز اور طلباء کی اعلیٰ اخلاقی تربیت پر خوشی اور مسرت کا اظہار

سیرالیون سے مبلغ اسلام مکرم مولانا محمد صدیق صاحب شاہد نے اطلاع دی ہے کہ مورخہ ۲۲ دسمبر کو سیرالیون کے وزیر اعظم جناب ڈاکٹر سٹیکا سٹیونس وزیر تعلیم اور وزارت تعلیم کے دیگر اعلیٰ حکام کی معیت میں احمدیہ سیکنڈری سکول فری ٹاؤن میں تشریف لائے۔ آپ نے سکول کی لیبارٹریز کا معائنہ فرمایا اور اپنی تقریر میں آپ نے سکول کے حسن انتظام، طلباء کی اعلیٰ تعلیمی اور اخلاقی تربیت۔ فزکس۔ کیمسٹری۔ اور بیالوجی کی معیاری لیبارٹریز اور سکول کے اعلیٰ نتائج پر بہت ہی خوشی کا اظہار کیا اور فرمایا کہ احمدیہ مسلم مشن جس رنگ میں ملک کی تعلیم اور روحانی میدان میں بے لوث خدمت کر رہا ہے اسے سیرالیون کی تاریخ کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔

سیرالیون سے آمدہ تفصیلی رپورٹ درج ذیل کی جاتی ہے:۔

فری ٹاؤن (سیرالیون) ۲۲ دسمبر۔

سیرالیون کے وزیر اعظم جناب ڈاکٹر سیکا سٹیونس (DR. SIAKA STEVENS)

مورخہ ۲۲ دسمبر کو احمدیہ سیکنڈری سکول فری ٹاؤن میں تشریف لائے جہاں ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا دروازہ پر مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب مکرم احمد صاحب پرنسپل الحاج بونگے جنرل سیکرٹری اور خاکسار نے انہیں خوش آمدید کہا ان کے ساتھ وزیر تعلیم اور وزارت تعلیم کے دو سرکاری آفیسرز بھی تھے مکرم پرنسپل صاحب نے سٹاف سے تعارف کرایا جس کے بعد آپ سائنس لیبارٹری میں تشریف لے گئے فزکس۔ کیمسٹری اور بیالوجی کی لیبارٹریز کو دیکھ کر آپ نے غیر معمولی طور پر بہت خوشی کا اظہار فرمایا۔ کیونکہ وہ ہر لحاظ سے طلباء کی ضرورت کے مطابق مکمل تھیں۔ فری ٹاؤن میں خدا تعالیٰ کے فضل سے اب سکول کی لیبارٹریز کو بہترین سمجھا جاتا ہے۔

وزیر اعظم صاحب بعض کلاسوں میں بھی تشریف لے گئے اور بعد میں آپ نے طلباء سے خطاب بھی فرمایا۔

اس موقع پر مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب نے وزیر اعظم کی خدمت میں استقبالیہ ایڈریس پیش کیا۔ جس کے بعد وزیر اعظم صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا آج مجھے احمدیہ سکول کو دیکھ کر بہت خوشی حاصل ہوئی ہے اس سکول نے تھوڑے ہی عرصہ میں غیر معمولی ترقی کی ہے۔ آپ نے کہا اس سال G.C.E. امتحان میں اس سکول کے طلباء نے نمایاں پوزیشن حاصل کی ہے۔ خصوصاً اسلامیات میں۔ اس کے لئے میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں واضح رہے کہ اس سال جب کہ سارے ملک کے سیکنڈری سکولز سے G.C.E. کے امتحان میں شامل ہونے والے طلباء کا نتیجہ افسوسناک حد تک گرا ہوا تھا۔ اور اخبارات میں بھی اس کے بارہ میں تشویش کا اظہار کیا گیا وہاں ہمارے فری ٹاؤن سیکنڈری سکول کا نتیجہ (خصوصاً اسلامیات کے مضمون میں) بہت ہی خوش کن تھا۔ کل ۲۰ طلباء شریک امتحان ہوئے جن میں سے سترہ کامیاب ہوئے اور ایک طالب علم نے معزز افریقہ میں اوّل پوزیشن حاصل کی۔

وزیر اعظم نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ احمدیہ مشن نے جس رنگ میں اس ملک کی شاندار اور بے لوث خدمت کی ہے اور تعلیمی اور مشنری میدان میں جو نمایاں کام کیا ہے اس کو سیرالیون کی تاریخ لکھنے والے مورخ ہرگز فراموش نہیں کر سکتے مجھے اس امر کی خوشی ہے کہ اس سکول میں صرف دنیوی تعلیم ہی نہیں دی جاتی بلکہ طلباء کے اخلاق اور عادات کی درستی کی بھی پوری پوری تربیت دی جاتی ہے۔ جو یقیناً آئندہ زندگی میں بہترین نتائج پیدا کرنے کا موجب ہوگی اور یہ طلباء ملک کے لئے مفید وجود ثابت ہو سکیں گے"

اپنی تقریر کے اختتام پر وزیر اعظم صاحب کچھ کتب سکول لائبریری کے لئے پیش کیں اور پچاس پونڈ (-/50 Le) کی رقم بھی سکول کی گیمز کے لئے عطا فرمائیں۔

بعد ازاں سٹاف روم میں وزیر اعظم صاحب اور ان کی پارٹی کی مشروبات وغیرہ سے تواضع کی گئی۔ اور رخصت ہونے پر مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب پرنسپل سکول نے ان کی خدمت میں قرآن کریم انگریزی کا روحانی تحفہ پیش کیا۔

اس طرح یہ تقریب ختم ہوئی خدا تعالیٰ کے فضل سے وزیر اعظم صاحب اور ان کے رفقاء سکول کی نمایاں کارکردگی حسن انتظام اور ترقی سے بہت متاثر ہو کر واپس تشریف لے گئے۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

احباب دعا فرمائیں کہ خدا تعالیٰ اس سکول کو اس سے بھی بڑھ کر ترقی کرنے اور اپنے معیار تعلیم نہ صرف قائم رکھنے بلکہ بڑھانے کی توفیق بخشے۔ آمین۔

لازمی چندہ کی ہر ماہ کی وصولی اسی ماہ میں مرکز میں بھجوائی جانی ضروری (ناظر بیت المال)

جلسہ سالانہ کے ایام کو ذکر الٰہی میں گزاریئے

مرتبہ۔ مکرم سردار عبدالحق صاحب شاکر واقفِ زندگی

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارا جلسہ سالانہ اپنی عظیم الشان اور بے شمار برکتوں اور سعادتوں کے ساتھ آگیا ہے۔ اس جلسہ کی بنیاد خود اپنے ہاتھ سے ہمارے رحمان خدا نے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ رکھی ہے۔ تاکہ اس مادی دنیا میں اسلام کی صحیح تصویر دنیا کے سامنے پیش کی جائے۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

"اس جلسہ کو معمولی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیاد کی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے۔ اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

جلسہ سالانہ کے ایام کیسے گزارنے چاہئیں۔ اس سلسلہ میں سیدنا حضرت المصلح الموعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

"میں نصیحت کرتا ہوں کہ آپ لوگوں کو اگر یہاں آکر فائدہ اٹھانا ہے تو ان احکام پر عمل کرو۔ ایک دوسرے سے فضول باتیں کرنا۔ گپیں ہانکنا لغو اور بے ہودہ قصے سننا سنانا اور بہت جھگڑے بھی ہوتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے انہی باتوں کو نابود کرنے کے لئے تلوار کھینچی ہے۔ اور خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ ان کو مٹا کر یہ اجتماع قائم کیا ہے۔" (تقریر جلسہ ۱۹۱۴ء)

"جلسہ کے ایام میں ذکر الٰہی کرو۔ اس کا فائدہ خدا تعالیٰ نے یہ بتایا ہے۔ کہ اذکروا اللہ یہ ذکر کرو۔ اگر تم ذکر الٰہی کرو گے تو خدا تمہارا ذکر شروع کردے گا۔ بھلا اس بندے جیسا خوش قسمت کون ہے۔ جس کو اپنا آقا یاد کرے اور بلائے۔ ذکر الٰہی تو ہے ہی بڑی نعمت ... پس تم ذکر الٰہی میں مشغول رہو۔"

(تقریر جلسہ ۱۹۱۴ء)

"ہمارے لئے یہ موقعہ ہے کہ تم یقیناً سمجھو کہ جو لوگ ان احکام کو مانیں گے۔ اور ان پر عمل کریں گے۔ وہ اپنے اندر نمایاں تغیر اور تبدیلی دیکھیں گے ... خدا تعالیٰ تمہیں اس کی توفیق دے۔"

(ایضاً)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنی جماعت کے لئے جو ذکر الٰہی تجویز فرمائے ہیں۔ وہ بھی درج کئے دیتا ہوں۔ احباب جماعت کو چاہیئے کہ ان جلسہ کے ایام میں اور بعد میں بھی چلتے پھرتے ہر آن جاری و ساری رکھیں۔ حضور فرماتے ہیں:

(۱) رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ

(۲) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

(۳) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

(۴) رَبِّ كُلُّ شَيْءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحْفَظْنَا وَانْصُرْنَا وَارْحَمْنَا

اللہ تعالیٰ ہم سب کو جلسہ سالانہ کی برکات سے زیادہ سے زیادہ مستفیض ہونے کی توفیق عطا فرمائے آمین

تبصرہ

تعبیر الرویا

اسلام میں رویا اور خواب کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام اور بعض دوسرے لوگوں کے بعض خوابوں کا ذکر فرمایا ہے۔ اور وہ حیرت انگیز طور پر سچے ثابت ہوئے۔ اس بنا پر سیدنا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے رویائے صادقہ کو نبوت کا چھیالیسواں حصہ قرار دیا ہے۔ اور امت محمدیہ میں اس روحانی برکت کا وجود ہمیشہ ہی بڑی کثرت سے رہا ہے۔ اور یہ دین اسلام کی زندگی اور صداقت کا ثبوت ہے۔

خواب اور رویا تعبیر طلب ہوتے ہیں۔ اور اس کا حقیقی علم خدا تعالیٰ کی طرف سے بطور موہبت ملتا ہے۔ چنانچہ دین اسلام میں آغاز اسلام سے ہی ایسے معبرین پیدا ہوئے۔ جن کو خدا تعالیٰ نے اس علم سے وافر حصہ عطا فرمایا تھا۔ چنانچہ اس زمرہ کے سرخیل حضرت امام محمد بن سیرین جو مشہور تابعی اور حضرت ابوہریرہؓ کے داماد تھے۔ ان کا ایک مختصر خواب نامہ عربی زبان میں تعبیر الرویا العظیم ہے۔ جس کا اردو ترجمہ مکرم محمد اجمل صاحب شاہد مربی سلسلہ کراچی نے شائع فرمایا ہے۔ اور اس کے متعلقہ مقامات پر سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور سیدنا حضرت مصلح موعودؓ کی بیان کردہ تعبیرات بھی درج فرمادی ہیں۔ جس سے اس کی افادیت بہت بڑھ گئی ہے۔

کتاب ۲۵ ابواب پر منقسم ہے۔ اور بہت مفید اور دلچسپ ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے خوابوں کی تعبیر معلوم کرنے کا ملکہ پیدا ہوسکتا ہے۔ لکھائی چھپائی بہت عمدہ ہے اور گرد پوش بہت دیدہ زیب ہے۔ قیمت سفید کاغذ اڑھائی روپے اور اعلیٰ کاغذ دو روپے ہے۔ فاروق جنرل سٹور ربوہ اور دیگر سٹالوں پر دستیاب ہے۔

دیکھتا ہوں

عیاں دیکھتا ہوں نہاں دیکھتا ہوں
بہر رنگ اس کے نشاں دیکھتا ہوں

سرِ طور پھرتا ہوں ساقی کے صدقے
میں اس کی تجلی عیاں دیکھتا ہوں

الٹ لوں نہ کیوں میکدہ جام دل میں
میں پیرِ مغاں مہرباں دیکھتا ہوں

مری مشکلیں کیوں نہ آساں ہونگی
ہمیشہ سوئے آسماں دیکھتا ہوں

یہ انساں ہیں یا بولتے ہیں فرشتے
ملائک کا طرزِ بیاں دیکھتا ہوں

یہ جلسہ ہے سرمایۂ حسنِ ملت
میں اسلام کو اب جواں دیکھتا ہوں

مؤید فلک سے خدا پشت پر ہے
میں نصرٌ مِّنَ اللّٰہ عیاں دیکھتا ہوں

زہے آمدِ ناصرِ دین و ملت
عنادل سرِ گلستاں دیکھتا ہوں

درِ شادمانی و بہجت کھلا ہے
میں ہر شخص کو شادماں دیکھتا ہوں

گزرتے ہیں وہ شوق جن راستوں سے
انہیں ہمسرِ کہکشاں دیکھتا ہوں

عبدالرحیم شوق

درخواست دعا

عزیزم چوہدری مبارک احمد صاحب معہ اہلیہ صاحبہ انصاف کمپنی پرانی غلہ منڈی فیصل آباد ۲۹/۱۲/۶۹ کو فیصل آباد سے بذریعہ شاہین ایکسپریس کراچی اور کراچی سے ۲½ کو بحری جہاز پر فریضہ حج کے لئے روانہ ہو رہے ہیں احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے اس نیک مقدس کو سہولت سے ادا کرنے کی توفیق دے اور خیریت سے واپس لائے۔ خاکسار چوہدری اقبال احمد جالندھری پنشنر نصرت آباد ربوہ

پرنس گلاس ہاؤس
گول بازار ربوہ
ہمارے ہاں سے ہر قسم کا عمارتی شیشہ فوٹو فریم اور الیس اللہ بکاف عبدہ کے ہر قسم کے قطعات بنوائیں۔ نیز شیشے پر پالش کا کام بھی ہوتا ہے
پرنس گلاس ہاؤس ربوہ
بالمقابل فضل عمر ہسپتال

جلسہ سالانہ پر آنیوالے دوستوں کیلئے ضروری ہدایات

خداوند تعالیٰ کے فضل و رحم کے ساتھ جلسہ سالانہ کے ایام قریب سے قریب تر آگئے ہیں۔ جلسہ میں شمولیت کے لئے جہاں ہزاروں ہزار افراد جماعت آتے ہیں۔ وہاں بعض شر پسند اور ناپسندیدہ افراد کے آنے کا بھی احتمال ہوتا ہے۔

احباب جماعت کو اپنے فائدے کے لئے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے

۱۔ جملہ جماعتوں کے احباب کوشش کر کے اکٹھے سفر کریں تا سفر میں سہولت رہے۔ اور جماعت کے ساتھ جو برکت ہوتی ہے اس سے بھی مستفیض ہوں۔

۲۔ اپنے ہمراہ صرف وہی سامان لائیں جو موسم کے لحاظ سے ضروری ہو۔ غیر ضروری سامان کپڑے یا زیور نہ لائیں)

۳۔ اپنے جملہ سامان پر نام اور مکمل پتہ (جہاں سے روانہ ہوں اور جہاں ٹھہرنا ہو) کے لیبل گوندیا لئی سے چسپاں کر دیں۔

۴۔ گاڑی میں چڑھتے اور اترتے وقت عجلت سے کام نہ لیں، مکمل حوصلہ صبر اور سکون سے اپنا سامان گاڑی میں رکھیں نیز یہ بھی خیال رہے کہ راستے میں بھی اپنے سامان سے غفلت نہ برتیں۔

۵۔ بچوں کو زیورات نہ پہنائیں۔ بلکہ مصنوعی زیورات کے استعمال سے اجتناب کریں

۶۔ اپنے بچوں کی جملہ وقت نگہداشت رکھیں۔ اور چھوٹے بچوں کو گم ہونے سے بچانے کے لئے بچہ کا نام معہ ولدیت اور پورا پتہ لکھکر یا تو بچہ کی جیب میں ڈال دیں یا پھر اس کے بازو پر باندھ دیں)

۷۔ آپ جب ریلوے اسٹیشن یا بس کے اڈے پر گاڑی سے اتریں تو اپنا سامان قلی کو حوالہ کرنے سے پہلے قلی کا نمبر دیکھ لیں، اور کسی ایسے قلی کو سامان نہ دیں۔ جس کے پاس کوئی نمبر نہ ہو۔ اپنے سامان کی اچھی طرح پڑتال کرنے کے بعد اسٹیشن یا اڈہ سے روانہ ہوں۔ اور راستے میں بھی قلی پر نگاہ رکھیں اگر کسی قسم کی دقت پیش آئے تو فوراً استقبال کے عملہ کو اطلاع دیں۔

۸۔ جہاں کہیں بھی آپ کا قیام ہو۔ جلسہ میں جانے سے قبل اپنے سامان کی حفاظت کا مکمل بندوبست کر کے جائیں۔ نیز قیام گاہوں کے منتظمین کو بھی اپنی آمد و رفت سے باخبر رکھیں۔

۹۔ ہجوم میں جلد بازی عام طور پر نقصان کا باعث ہوتی ہے۔ اس وجہ سے جلسہ گاہ سے نکلتے وقت۔ اسٹیشن پر۔ بسوں کے اڈہ پر یا جہاں کہیں بھیڑ ہو۔ پوری تسلی اطمینان اور وقار سے کام لیں۔ ایسے موقعوں پر جیب کتروں سے ہشیار رہیں

۱۰۔ اپنے جیب سے تمام روپیہ عام لوگوں کے سامنے نہ نکالیں۔ نہ ہی اپنے بٹوے کو ایسی جگہ پر لاپرواہی سے کھولیں۔ جہاں عام نگاہیں آپ کے بٹوے کا جائزہ لے سکیں۔

۱۱۔ مستورات کو چاہیئے کہ سفر و حضر میں پردہ کا خاص طور پر اہتمام کریں۔

۱۲۔ دوران قیام ربوہ پہاڑیوں پر چڑھنے سے اجتناب کریں کیونکہ اس سے حادثہ کا امکان ہو سکتا ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص بدمزاجی سے پیش آئے یا کوئی لڑائی جھگڑا کرے تو آپ اس سے اعراض کریں۔ یا بالموعظۃ الحسنہ کے مطابق اسے حکمت و دانائی سے باز رکھنے کی کوشش کریں۔ اور نرمی و محبت سے اسے سمجھائیں۔

۱۴۔ سفر کے دوران متواتر استغفار۔ درود شریف۔ اور مسنون دعائیں پڑھتے رہیں۔ جلسہ کی کامیابی پاکستان کی فتح و کامرانی اور اسلام کی ترقی کے لئے خاص طور پر دعائیں کریں۔

۱۵۔ جلسہ کے منتظمین سے تعاون کا خاص خیال رکھیں۔ یہ آپ کی سہولت اور آرام کے لئے شب و روز کوشاں ہونگے۔

۱۶۔ جلسہ کے ایام میں اپنا وقت جلسہ گاہ میں گذاریں۔ تقاریر کے دوران بازار اور دکانوں میں نہ بیٹھیں۔

۱۷۔ امور عامہ کا دفتر جلسہ سالانہ کے دوران کھلا رہتا ہے۔ اسلئے دوست ضرورت کے وقت دفتر میں تشریف لا سکتے ہیں۔

(ناظر امور عامہ)

معلمین وقف جدید کی تقرری کے سلسلہ میں ضروری اعلان

معلمین کی تعلیمی کلاس کے اختتام پر معلمین کی نئی تقرریوں پر غور کیا جائے گا۔ ایسی جماعتیں جو اپنے ہاں وقف جدید کا مرکز قائم کرنا چاہتی ہیں وہ مہربانی فرما کر جلد از جلد اپنے کوائف سے مطلع کریں ورنہ سال کے دوران میں ایسی درخواستوں پر غور کرنا مشکل ہوگا۔

وقف زمین: حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشاد کے مطابق جو دیہات دس ایکڑ یا زائد زمین وقف کریں ان کا حق بہر حال مقدم سمجھا جائے گا۔ اس میں ایسی زمین شمار نہیں ہوگی۔ جو بنجر اور بے کار ہو۔

(۲) **عارضی مراکز** اگر زمین وقف نہ ہو سکے تو جو دیہات سالانہ چندہ وقف جدید کے علاوہ قیام مراکز کے سلسلہ میں اوسطاً دس ایکڑ زمین کی آمد کے لگ بھگ دینے کا وعدہ کریں ان کے ہاں بھی اس وقت کے لئے عارضی مرکز کھولا جا سکتا ہے جب تک کہ وہ یہ رقم سالانہ ادا کرتے رہیں۔

(۳) ایسی جماعتیں جو نامساعد حالات کی بناء پر مرکز کے قیام کے لئے کچھ بھی ادا نہ کر سکیں مگر تربیت یا اصلاح و ارشاد کے لحاظ سے غیر معمولی توجہ کی مستحق ہوں ان کو بھی حسب توفیق مدنظر رکھا جائے گا

(۴) ایسی جماعتیں جو نئی قائم ہوئی ہوں اور احمدیت کے رنگ میں صحیح تربیت کی محتاج ہوں وہاں بھی ابتدائی عرصہ کے لئے مرکز کھولا جا سکتا ہے۔ پس ان امور کو مدنظر رکھتے ہوئے امراء / پریذیڈنٹ صاحبان اپنے مطالبات امیر صاحب ضلع کی معرفت بھجوائیں۔

ناظم ارشاد وقف جدید

جلسہ سالانہ کے موقعہ پر تنور پر روٹی پکانے والی خواتین کی ضرورت

دیہات کی ایسی خواتین کی ضرورت ہے جو برکتوں پر روٹی پکا سکیں۔ دیہاتی لجنات کی ایسی خواتین ربوہ پہنچتے ہی دفتر لجنہ میں اپنے ناموں اور ٹھہرنے کی جگہ سے اطلاع دیں۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

اطفال و ناصرات اور چھوٹے بچوں کے والدین فوری توجہ فرمائیں

وقف جدید سال رواں ۱۲/۶۹ ۳۱ کو ختم ہو رہا ہے۔ اسلئے چندہ وقف جدید کا وعدہ کرنے والے اطفال اور ناصرات نیز چھوٹے بچوں کے والدین اور سرپرست اپنا موعودہ چندہ فوری طور پر ادا فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔ تاکہ نئے سال کا اعلان ہونے پر وہ بشاشت کے ساتھ اپنا وعدہ گذشتہ سال سے اضافہ کے ساتھ لکھوا سکیں۔ اگر کسی نے پہلے وعدہ نہیں کیا ہوا۔ لیکن اب انہیں خدا تعالیٰ نے ادائیگی کی توفیق بخشی ہے تو بھی وہ ادائیگی فرما کر اس نہایت ہی بابرکت تحریک میں ضرور شمولیت فرمادیں۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء

- ناظم مال وقف جدید

دعائے مغفرت

اخوند محمد افضل خان صاحب مرحوم مغفور (سابق امیر جماعت احمدیہ ڈیرہ غازیخان جنہوں نے ڈیرہ غازیخان میں جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھی) کی اہلیہ محترمہ کا جو خاندان غلزئی کی خاتون سربراہ تھیں۔ گذشتہ شب انتقال ہو گیا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحومہ شب بیدار، عبادت گزار اور خوش سیرت تھیں۔ احباب کرام سے استدعا ہے کہ مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت فرمائیں۔ مرحومہ پروفیسر اخوند عبد القادر خان صاحب مرحوم وائس پرنسپل کی والدہ ماجدہ تھیں

(حمید غلزئی مقیم عنہ بلاک سی مکان ۵۰)

وقف جدید کے ایک ایک تبلیغی مشن کا مکمل خرچ اٹھانیوالے خوش قسمت اصحاب!

احباب جانتے ہیں کہ وقف جدید کے زیر انتظام علاقہ نگر پارکر (سندھ) میں اللہ تعالےٰ کے فضل سے وقف جدید کے متعدد معلم شب و روز تبلیغ اسلام کے مقدس جہاد میں مصروف ہیں۔ یہ علاقہ ایسا ہے کہ جہاں موسمی اور اقتصادی اعتبار سے بہت زیادہ مشکلات ہیں اور جہاں کام کرنا حقیقی معنوں میں جہاد کا رنگ رکھتا ہے۔ یہاں تبلیغ کی ذمہ داریوں کا احساس جہاں اللہ تعالےٰ کے فضل سے بہت سی جماعتوں کو ہوا۔ وہاں بعض افراد نے بھی اس سلسلے میں قابل رشک قربانی کا مظاہرہ کیا ہے! چنانچہ ملک منور احمد صاحب جاوید۔ قائد مجلس خدام الاحمدیہ لاہور نے اس سلسلے میں پہل کرتے ہوئے ایک مشن کا مکمل خرچ اپنے عزیز بھائی ملک محمود احمد صاحب خالد کی طرف سے ادا کرنے کا عہد فرمایا۔ اور اپنے عہد کو وہ اللہ تعالےٰ کے فضل سے کامیابی کے ساتھ نباہ رہے ہیں۔

اب اللہ تعالےٰ کے فضل سے حکیم عبد الحمید صاحب اعوان ابن حکیم نظام جان صاحب گوجرانوالہ کو اللہ تعالےٰ نے یہ توفیق عطا فرمائی ہے کہ وہ وقف جدید کے زیر اہتمام علاقہ نگر پارکر سندھ میں ایک اور تبلیغی مشن کا مکمل خرچ برداشت کرنے کی سعادت حاصل کریں۔

اللہ تعالےٰ ہر دو اصحاب کو اور باقی احباب کو بھی کہ جنہوں نے تبلیغ کے اس جہاد میں حصہ لیا ہے۔ اپنے فضلوں اور رحمتوں سے وافر حصہ عطا فرمائے۔ اور ان سب کو اپنی شفقت اور رحمت کی پناہ میں رکھے۔

(ناظم مال وقف جدید انجمن احمدیہ)

درخواست ہائے دعا

۱۔ خاکسار ایک سال دو ماہ سے آنتوں کی خطرناک تکلیف میں مبتلا ہے۔ قبل ازیں دو اپریشن ہو چکے ہیں۔ اب میو ہسپتال میں ایک اور بڑا اپریشن ہوگا جو کہ بہت نازک ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ اپریشن کامیاب فرما کر صحت کاملہ عطا فرمائے۔ اور مشکلات سے نجات دے۔

(خاکسار علیم الدین بیڈ نمبر (۷۱) وارڈ ۱۰ میو ہسپتال لاہور)

۲۔ میرے خاوند مرزا عبد الغنی صاحب عرصہ تین سال سے ٹی بی کی مرض میں مبتلا ہیں۔ احباب کی خدمت میں ان کی مکمل صحت کے لئے درخواست دعا ہے۔

سارہ بیگم اہلیہ مرزا عبد الغنی صاحب مکان ۱۹/۱۰ بلاک ۱۱ کریم پارک لچھ دادی روڈ۔ لاہور

۳۔ خاکسار کی نانی جان مبارکہ بیگم صاحبہ اہلیہ لطف المنان صاحب ابن حضرت مولوی رحمت علی مرحوم کا پتہ اور اپنڈکس کا اپریشن ہوا ہے۔ جو اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے کامیاب رہا مگر کمزوری بہت زیادہ ہے۔ احباب دعا فرماویں اللہ تعالےٰ مکمل شفا عطا فرماوے۔

(منیر الدین بابر۔ محلہ دار الرحمت۔ وسطی ربوہ)

۴۔ اسی سال قادیان کے جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے میں نے بڑی کوشش کی لیکن نہ جا سکا۔ دوست دعا فرماویں کہ اللہ تعالےٰ میری یہ خواہش پوری کرے۔ نیز مجھے صحت دے اور خدمت دین کی توفیق بخشے۔ جماعت چٹاگانگ کی ترقی کے لئے بھی احباب دعا فرمائیں۔

(عبد الرحیم یونس آف چٹاگانگ حال دار الضیافت ربوہ)

۵۔ خاکسار کے چچازاد بھائی مکرم لئیق احمد صاحب عرصہ سے بیمار چلے آ رہے ہیں جس کی وجہ سے تشویش ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کے لئے درخواست ہے کہ اللہ تعالےٰ عزیز موصوف کو شفا کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین۔

(عبد الرشید ذیلدار انسپکٹر وقف جدید)

۶۔ میرے والد محترم عرصہ دو ماہ سے علیل ہیں۔ احباب سے استدعا ہے کہ دعا فرمائیں۔ اللہ تعالےٰ انہیں صحت عاجلہ کاملہ عطا فرمائے۔ آمین

عبد القیوم کھوکھر کوٹلی آزاد کشمیر

احمدیت ـــــ میرے ملک میں

ـــــ کے موضوع پر ـــــ

۲۷ دسمبر کا دلچسپ شبینہ اجلاس

جلسہ سالانہ پر شعبہ تحریک جدید مجلس مرکزیہ کے زیر اہتمام غیر ملکی زبانوں کے جلسہ میں غیر ملکی طالب علم اردو زبان میں

احمدیت ـــ میرے ملک میں

کے موضوع پر ایمان افروز واقعات پر مشتمل تقاریر کریں گے۔ یہ اجلاس اپنی نوعیت کے لحاظ سے منفرد ہوگا۔

تمام احباب، ۲۷ دسمبر پونے ۷ بجے شب مسجد مبارک میں تشریف لا کر اس اجلاس سے مستفیض ہوں

(مہتمم تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

نمائش بر موقعہ جلسہ سالانہ

جلسہ سالانہ ۱۹۶۹ء کے موقعہ پر مجلس خدام الاحمدیہ ڈرگ روڈ کی طرف سے ایک تصویری نمائش ایوان محمود میں لگائی جا رہی ہے۔ جس میں جماعت احمدیہ کی تبلیغی مساعی کو تصاویر اور چارٹس کی صورت میں دکھایا گیا ہے۔ نیز سلسلہ عالیہ احمدیہ کا تعارف اور تاریخ کو بھی تصاویر اور چارٹس کے ذریعے پیش کیا جا رہا ہے

یہ نمائش تبلیغ کا اہم ذریعہ مانی گئی ہے۔ امید ہے جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے احباب جماعت خود بھی اس نمائش کو دیکھیں گے۔ اور دیگر احباب جماعت کو بھی دکھائیں گے۔

(قائد مجلس خدام الاحمدیہ ڈرگ روڈ)

قائدین مجالس سے ایک سوال

کیا آپ نے ماہ نبوت (نومبر) کی رپورٹ مرکز میں بھجوا دی ہے؟ اگر نہیں بھجوائی تو بلا تاخیر رپورٹ تیار کر کے بھجوا دیں۔ کیونکہ آپ کی رپورٹ کا شدت سے انتظار ہے۔

(معتمد خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

تقریب شادی

مورخہ ۱۴ دسمبر کو کراچی میں مکرم محمد رشید صاحب بی اے ایل ایل بی ابن مکرم محمد حنیف صاحب کی شادی کی تقریب عمل میں آئی۔ جس میں جماعت کراچی کے بہت سے احباب شامل ہوئے۔ اس موقعہ پر اجتماعی دعا محترم مولانا ابو العطاء صاحب فاضل نے کرائی۔ ۱۸ دسمبر کو ربوہ میں بر مکان محمد حنیف صاحب دعوت ولیمہ ہوئی۔

مکرم محمد رشید صاحب کا نکاح طاہرہ جبیں صاحبہ بنت مکرم مولوی حافظ عبد الغفور صاحب (برادر اصغر محترم مولانا ابو العطاء صاحب) سے طے پایا تھا۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس تعلق کو جانبین کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت کرے آمین۔

عام ہومیوپیتھک بالیو کیمک ادویات پر
۱۵ فیصد کمیشن!
حاصل کرنے کے لئے ۲۴ تا ۳۰ دسمبر ہمارے شفاخانہ میں
تشریف لائیں
نوٹ:۔ ادویات کے ریٹ پاکستان کے تھوک فروش ادویات کے Rates کے مطابق ہونگے اور یہ رعایت بڑے بڑے اور مستقل گاہکوں کے علاوہ ہر خریدار کو دی جائے گی۔
ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کیمسٹ ڈسٹری بیوٹر ربوہ

۷۔ پیرسہ ماموں جان سید سراج الحق خانصاحب کراچی میں شدید طور پر بیمار ہیں احباب جماعت صحت کے لئے دعا فرمائیں (بیگم شمس الحق خاں)

۸۔ خاکسار کی اہلیہ تین چار ماہ سے بیمار ہے احباب جماعت کامل صحت یابی کے لئے دعا فرمائیں

(عبد الرحیم عارف مربی سلسلہ ضلع جھنگ)

نوجوانوں کی تربیت کیلئے تاریخ احمدیت کا مطالعہ از بس ضروری ہے۔ ادارۃ المصنفین ربوہ

فاؤنٹین پن کے لئے چائنہ سٹار انک ربوہ کے ہر جنرل مرچنٹ سے مل سکتی ہے

سلسلہ احمدیہ کی روایات اور قادیان کی پاکیزہ زندگی کو یاد رکھنے کے لئے
حضرت قاضی اکمل صاحب کی نظموں کا مجموعہ
نغمۂ اکمل
نوجوانوں اور بچوں کے پاس ہونا ضروری ہے جلسہ سالانہ پر کتب فروشوں سے دستیاب ہوگا
بدر بک بیورو۔ ربوہ

کتاب
اسلام کا اقتصادی نظام
جس میں سوشلزم کیپٹلزم اور اسلامی نظام کا مقابلہ کر کے اسلامی نظام کی فوقیت ظاہر کی گئی ہے کارڈ آنے پر مفت
محمود احمد قمر ایڈووکیٹ محسن آباد لائل پور

ربوہ میں پی آئی اے
کا خاص بکنگ اور
ریزرویشن آفس
سالانہ جلسہ میں شرکت کرنے والے پاکستانی اور غیر ممالک سے آنے والے حضرات کی سہولت کے لئے پی آئی اے نے گول بازار ربوہ میں ایک خاص بکنگ اور ریزرویشن آفس قائم کیا ہے۔
سالانہ جلسہ میں شرکت کرنے والے حضرات پاکستان کے کسی بھی شہر یا بیرون ملک کے ہوائی سفر کی بکنگ اور ریزرویشن اب ربوہ ہی میں کرا سکیں گے
زرمبادلہ اور اسٹیٹ بینک سے متعلق دوسرے کاموں کے سلسلے میں لائل پور میں پی آئی اے کا دفتر آپ کی ہر ممکن مدد کرے گا۔
PIA
پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز

شمع کاجل
آنکھوں کی خوبصورتی صحت و صفائی کے لئے
بے نظیر کاجل
دواخانہ فضل الٰہی۔ گگو۔ ساہیوال

مایوس اور لاعلاج مریض
۱۵۰ سے زائد حیرت انگیز
ہومیوپیتھک و بایوکیمک
مجربات
کا کتابچہ مفت طلب فرمائیں جس میں انسانی اور حیوانی امراض کی کامیاب دوائیں درج ہیں
شفا ہومیوپیتھک سٹور اینڈ ہسپتال رحمت بازار ربوہ

غیر معمولی رعایت
نادر علمی و تحقیقی مقالہ جات پر مشتمل ماہنامہ الفرقان کے ۱۹۵۲ء سے لے کر ۱۹۶۸ء تک کے ایک سو کورس متفرق مہینوں کے عام رسالے دفتر میں موجود ہیں ان سب رسالوں کی مجموعی قیمت ۶۶ روپے سے بھی زائد بنتی ہے مگر سب رسالے خریدنے والے اہل علم دوستوں کے لئے جلسہ سالانہ تک غیر معمولی رعایت کر دی گئی ہے اس رعایت سے فائدہ اٹھانے والے احباب نصف قیمت یعنی صرف ۳۳ روپے میں یہ انمول موتی حاصل کر سکتے ہیں (علاوہ محصول ڈاک)
(مینیجر الفرقان۔ ربوہ)

کمزوری اور سستی کا شرطیہ کامیاب علاج
خواہ کسی غلطی سے قوی مفلوج، اعصاب ڈھیلے اور لاغر ہو چکے ہوں کمسن دیر بنہ اور مایوسی ہی مایوسی ہو تو بھی موجودہ سائنسی ترقی کے دور میں مایوس نہ ہوں۔
اپنی اولین فرصت میں بالمشافہ یا بذریعہ ڈاک مندرجہ ذیل ایڈریس پر CONTACT کریں۔ تمام حالات بصیغہ راز مقرر ہو لئے گے۔
حکیم فضل الٰہی آف کولمبو
دارالرحمت بازار ربوہ

تادیان کا قدیمی مشہور عالم اور بے نظیر تحفہ
سرمہ نور رجسٹرڈ
جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔ ہمیشہ خریدتے وقت
شفاخانہ رفیق حیات
کا لیبل پڑھ لیا کریں۔

سرمہ نور والوں کا
نورانی کاجل
آنکھوں کی خوب صورتی اور صفائی کے لئے
بہترین تحفہ
ہمیشہ خریدتے وقت شفاخانہ رفیق حیات کا لیبل پڑھ لیا کریں۔
جلسہ سالانہ کے موقع پر ہمارے سٹال گولبازار ربوہ سے خریدیں
مینیجر شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ ٹرنک بازار سیالکوٹ

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں
ہماری عارضی دکان
بالمقابل ایوان محمود
گول بازار ربوہ میں ہوگی
بیمار مجبوروں کے معائنہ کا تسلی بخش انتظام ہوگا
مینیجر دواخانہ حکیم نظام جان اینڈ سنز
گوجرانوالہ

ضروری اعلان
جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں حسب سابق احباب کی سہولت کے لئے دفتر الفضل عارضی طور پر جلسہ گاہ میں منتقل کیا جا رہا ہے جملہ احباب الفضل سے متعلقہ امور کے سلسلہ میں جلسہ کے دوران وہاں تشریف لا دیں۔
(مینیجر روزنامہ الفضل ربوہ)

درخواست دعا

میرے والد صاحب تین ماہ سے بیمار چلے آ رہے ہیں جملہ احباب کرام و بزرگان سلسلہ سے ان کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔
(عبدالقیوم کھوکھر جنرل سٹور کوٹلی آزاد کشمیر)

جلسہ سالانہ پر سپیشل گاڑیوں کا پروگرام

آمد

۱۔ کراچی کی سپیشل ٹرین کراچی سے ۵ بجے شام ۲۴ دسمبر کو روانہ ہوگی

۲۔ راولپنڈی کی سپیشل ٹرین راولپنڈی سے ۲۴ دسمبر ۸ بجے شام روانہ ہو کر ۲۵ دسمبر کو ۶ بجے ربوہ پہنچے گی

۳۔ نارووال سپیشل نارووال سے ۲۴ دسمبر صبح ۹-۳۰ پر روانہ ہو کر ربوہ ۶-۳۰ پر پہنچے گی

۴۔ سیالکوٹ سپیشل سیالکوٹ سے ۲۵ دسمبر صبح ۹-۳۰ پر روانہ ہو کر شام ۵-۱۰ پر ربوہ پہنچے گی

۵۔ گجرات ریل کار گجرات سے ۲۵ دسمبر صبح ۹ بجے روانہ ہو کر ۲-۳۵ دوپہر پہنچے گی۔

واپسی

۱۔ نارووال سپیشل ربوہ سے ۲۸ دسمبر کی شام کو ۷-۴۰ پر روانہ ہوگی

۲۔ سیالکوٹ سپیشل ربوہ سے ۲۹ دسمبر صبح ۸ بجے روانہ ہو کر براستہ سانگلہ ہل وزیر آباد شام ۴-۱۵ پر سیالکوٹ پہنچے گی۔

۳۔ گجرات ریل کار ربوہ ۲۹ دسمبر صبح ۸-۱۰ پر روانہ ہو کر گجرات ۲-۵۰ دوپہر پر پہنچے گی۔

نوٹ: لاہور سے امسال کوئی سپیشل گاڑی نہیں چل رہی۔ البتہ دوسری گاڑیوں کے ساتھ مزید ڈبے لگائے جا رہے ہیں

۲۔ راستہ میں آتے وقت ریلوے حکام سے پورا پورا تعاون فرما دیں دعا ہے کہ خدا تعالیٰ بخیریت لائے اور جلسہ کی برکات سے پوری طرح مستفید فرمائے۔ آمین

عبدالرشید غنی
(ناظم استقبال جلسہ سالانہ)

جلسہ سالانہ پر بیرونی ممالک سے تشریف لانے والے احباب سے ضروری گذارش

جلسہ سالانہ پر ہر سال مختلف ممالک سے کافی تعداد میں احباب ربوہ تشریف لاتے اور جلسہ کی عظیم الشان برکات سے بہرہ یاب ہوتے ہیں۔ چونکہ ایسے احباب اکثر اپنے عزیزوں کے ہاں ہی قیام کرتے ہیں اس لئے ان میں سے اکثر کی تشریف آوری کا مرکز کو علم ہی نہیں ہوتا۔ امسال سے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ بیرونی ممالک سے تشریف لانے والے احباب کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جائے۔ اور ان کے اسماء الفضل میں بھی شائع کرائے جاویں۔

لہٰذا بیرونی ممالک سے تشریف لانے والے احباب کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ ربوہ پہنچنے کے بعد دفتر جلسہ سالانہ میں اپنے اسماء اور اس ملک کا نام جہاں سے وہ تشریف لائے ہوں ضرور درج کرائیں۔ ایسے احباب اس سلسلہ میں محترم چوہدری بشارت الرحمٰن صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ سے رابطہ قائم کریں۔

(افسر جلسہ سالانہ ربوہ)

ضرورت ہے

ایک محنتی دیانتدار خادمہ کی ضرورت ہے جو کہ اچھی قسم کا کھانا پکانا جانتی ہو اور گھر کی صفائی کا بھی کام کر سکتی ہو۔ اگر کوئی بیوہ یا اکیلی عورت ہو تو اسے ترجیح دی جائے گی۔ اگر کوئی رات دن رہنے والی ہو تو اس کے لئے رہائش کا بھی انتظام ہوگا۔ تنخواہ معقول دی جائے گی۔

اپنی جماعت کے پریذیڈنٹ کی سفارش ساتھ لائیں۔

مبشرہ پروین
(الفردوس دارالصدر غربی الف ربوہ)

جماعت ہائے احمدیہ سابق صوبہ سرحد کے لئے

ایک ضروری اعلان

امیر علاقائی جماعت ہائے احمدیہ سابق صوبہ سرحد کا انتخاب بروز جمعہ بتاریخ ۲۶ دسمبر ۱۹۶۹ء مسجد مبارک ربوہ میں (بعد ملاقات حضرت اقدس بر موقعہ جلسہ سالانہ) ہوگا۔ جملہ امراء و صدر صاحبان جماعت ہائے احمدیہ سابق صوبہ سرحد سے درخواست ہے کہ وہ اس موقع پر شمولیت فرما کر ممنون فرما دیں۔

(محمود احمد۔ امیر جماعت احمدیہ ضلع پشاور)

دکانیں لگانے والے دوستوں کے لئے ضروری اعلان

جلسہ سالانہ کے موقع پر ربوہ میں دکان لگانے والے دوستوں کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ ان کے لئے ٹاؤن کمیٹی کے قواعد کے مطابق لائسنس فیس ادا کرنی ضروری ہوگی۔ اس کے لئے ٹاؤن کمیٹی کی طرف سے باقاعدہ رسید جاری کی جائے گی۔

منتظم بازار جلسہ سالانہ

درخواست دعا

میرے فرزند عزیزم ڈاکٹر لطیف احمد قریشی سلمہٗ مع اہل و عیال پونے آٹھ سال گینیا میں قیام کرنے اور وہاں سے ایم آر سی پی اور ڈی سی ایچ کا امتحان پاس کرنے کے بعد حال ہی میں پاکستان واپس آئے ہیں اور اب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی عین شفقت اور مہربانی سے ان کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں کام کرنے کا موقعہ عطا کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کا پاکستان آنا اور پھر مرکز سلسلہ ربوہ میں کام کرنا مبارک کرے۔ احباب جماعت اور خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بچے کو زیادہ سے زیادہ سلسلہ اور انسانیت کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

(منظور احمد قریشی۔ ٹائپ کارنر۔ چوک نسبت روڈ۔ لاہور)

۲۔ خاکسار کی اہلیہ تقریباً عرصہ نو سال سے دائیں شانہ کے نیچے پٹھے میں درد کے باعث بیمار ہیں۔ آج کل درد شدت اختیار کر چکا ہے جس کے باعث انہیں بہت تکلیف ہوتی ہے۔ خاکسار احباب جماعت۔ بزرگان سلسلہ اور اپنے محبوں سے درخواست کرتا ہے کہ وہ اہلیہ ام کی جلد کامل صحت یابی کے لئے دعا فرمائیں

(ناصر الدین آڈیٹر تحریک جدید۔ ربوہ)

مسجد تعلیم الاسلام کالج ربوہ

جملہ مخیر احباب جماعت اور اللہ بوائز سے جنہوں نے تعلیم الاسلام کالج کی تعمیر کے سلسلہ میں وعدہ جات پیش فرمائے ہیں۔ استدعا ہے کہ وہ جملہ رقوم بنام پرنسپل تعلیم الاسلام کالج ربوہ بمد مسجد فنڈ جلد از جلد ارسال فرما کر ممنون فرما دیں۔ یا جلسہ کے موقعہ پر کھاتہ نمبر ۳۷۳-۱۲۸/۳۴۰۶ (مسجد فنڈ تعلیم الاسلام کالج ربوہ) خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں جمع کرائیں اللہ تعالیٰ سب معطی احباب کو جزائے خیر سے نوازے آمین۔ (پرنسپل تعلیم الاسلام کالج ربوہ)

قارئین الفضل کیلئے ضروری اطلاع

الفضل کا ۲۶ دسمبر کا پرچہ جلسہ سالانہ نمبر ہوگا۔ اس کے بعد حسب سابق جلسہ کے ایام میں الفضل شائع نہیں ہوگا۔ جلسہ کے بعد انشاء اللہ ۳۰ دسمبر کی شام کو پرچہ شائع ہوگا۔ قارئین کرام اور ایجنٹ صاحبان نوٹ فرمائیں

(مینیجر الفضل)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴